# 08-06-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاستی وزرا کے طور پر گڈم ویویک، اڈلوری لکشمن کمار، واکاٹی شری ہری کی آج راج بھون میں حلف برداری۔

۲۔ ریاست بھر میں پیدا ہونے والے دھان کا حصول تلنگانہ برانڈ کے نام سے چاول فروخت کرنے محکمہ سیول سپلائز کا فیصلہ۔

۳۔ مرگ کے موقع پر نامپلی نمائش گراؤنڈ میں مچھلی کے پرساد کی تقسیم کا آج آغاز ہوا جو دو دنوں تک جاری رہے گا۔

اور

۴۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آج اور کل ریاست میں موسلا دھار بارش ہونے کا امکان۔

## Cabinet Expansion

ریاستی وزرا کے طور پر آج تین ارکانِ اسمبلی نے حلف لیا۔ ریاستی گورنر جشنو دیو ورما نے راج بھون میں ویویک وینکٹ سوامی ، اڈلوری لکشمن اور واکاٹی شری ہری کو حلف دلایا۔ راج بھون کے تاریخی دربار ہال میں حلف برداری تقریب منعقد ہوئی۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی، رکن قانون ساز کونسل گتہ سکھیندر ریڈی، قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر جی پرساد کمار، ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ اور دیگر وزرا کے علاوہ مجلس اتحادالمسلمین کے قائد اپوزیشن اکبرالدین اویسی اور دیگر ارکانِ پارلیمنٹ، ارکانِ اسمبلی نے حلف برداری تقریب میں شرکت کی۔ اس تقریب میں چیف سکریٹری راما کرشنا راؤ، ڈی جی پی ڈاکٹر جتیندر اور دوسرے بھی موجود تھے۔

قابل ذکر ہے حلف لینے والے تینوں ارکانِ اسمبلی پہلی مرتبہ منتخب ہوئے ہیں۔ چنور سے منتخب ویویک وینکٹ سوامی سابق میں رکن پارلیمنٹ کے طور پر خدمات انجام دے چکے ہیں جبکہ اڈلوری لکشمن دھرماپوری اور واکاٹی شری ہری مکتھل حلقہ سے نمائندگی کر رہے ہیں۔

## Bhadradri Kothagudem

پالونچہ میں قائم کی جانے والی منموہن سنگھ ارتھ سائنس یونیورسٹی ملک کیلئے مثالی ثابت ہوگی۔ یہ بات کالج پرنسپل جگن موہن راجو نے بتائی۔ انہوں نے کہا کہ ارتھ سائنس یونیورسٹی کے قیام سے قدرتی وسائل اور معدنیات سے

مالا مال متحدہ ضلع کھمم میں تحقیق کے مواقع بڑھیں گے۔تقریباً300 ایکر رقبہ پر اس یونیورسٹی کے قیام سے قبائلی علاقوں میں رہنے والے ہزاروں طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ روزگار کے بھی مواقع فراہم ہوں گے۔

Rajanna Sircilla

آئی ٹی آئی کالج پرنسپل کویتا نے بتایا کہ راجنا سرسلہ ضلع کے مستقر سرسلہ میں کل نیشنل اپرینٹس شپ میلہ کل منعقد ہونے والا ہے۔سرسلہ گورنمنٹ انڈسٹریل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ میں صبح 10 بجے سے شام 5 بجے تک یہ میلہ منعقد ہوگا۔

Rajiv Swagruha

ریاستی حکومت نے ہاؤزنگ بورڈ کے تحت راجیو سواگروہا ہاؤزنگ بورڈ کی مکانات واراضیات کو ہراج کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔اِس سلسلہ میں عہدیداروں کی جانب سے تیار کردہ تجویز اور وسائل کا جائزہ لینے سے متعلق تشکیل دی گئی کابینی ذیلی کمیٹی نے اسے منظوری دے دی ہے۔عہدیداروں کی جانب سے اس مہینہ کی 20 تاریخ کو نوٹیفکیشن جاری کرنے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔متعلقہ محکمہ کے مطابق ہراج کے ذریعہ 3500 کروڑ سے زائد آمدنی کے امکانات ہیں۔

راجیو سواگروہا کے زیر اہتمام ریاست کے 11 علاقوں میں مکمل کردہ اور زیر تعمیر ہمہ منزلہ جائیدادوں کے فلائٹس اور مخلوعہ اراضیات کا ہراج کیا جائے گا۔راجیو سواگروہا کے تحت گریٹر حیدرآباد میں گاجولا رامارم، پوچارم، کھمم ضلع کے علاوہ پولے پلی میں نامکمل ٹاورس میں واقع فلائٹس کی فروخت کی جائے گی۔

Telangana Rice Branding

ریاستی محکمہ سیول سپلائز کی جانب سے تلنگانہ کی ضروریات سے زائد باریک دھان کی پیداوار کے پیش نظر اسے ملنگ کرواکر چاول کی شکل میں فروخت کرنے کے لئے منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔آر این آر، جئے شری رام اقسام کے تلنگانہ برانڈ کے نام سے اس کی پیکنگ کرواکر کھلے مارکٹ میں اسے فروخت کیا جائے گا۔یہ بات محکمہ سیول سپلائز نے بتائی ہے۔

Yadadri Bhongir

مقدس مقام یادگیری گوٹہ میں آج شری نرسمہا سوامی واری سواتی نکشترم کے موقع پر مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے بھکتوں نے گری پردکشنا کی۔اس موقع پر گورنمنٹ وہپ، آلیر کے رکن اسمبلی بیرلا آئیلیا اپنی شریک حیات کے ہمراہ موجود تھے۔اس موقع پر وائی کنٹھا مہادوارم کی موجودگی میں خصوصی پوجا کی گئی۔

Maganti Gopinath

بی آر ایس کے رکن اسمبلی ماگنٹی گوپی ناتھ کی آخری رسومات آج حیدرآباد جوبلی ہلز کے مہا پرستھانم میں سرکاری اعزاز کے ساتھ انجام پائی۔ بی آر ایس ارکانِ اسمبلی اور پارٹی کارکنوں نے انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔خرابی صحت سے متاثر گوپی ناتھ نے آج خانگی ہاسپٹل میں دورانِ علاج آخری سانس لی۔

Rangacharya

ناموراد یب داشارتھا رنگا چاریہ کی برسی ضلع راجنا سرسلہ میں شعرأاور مصنفین کے زیر اہتمام عظیم الشان طریقہ سے منائی گئی۔اس موقع پر معزز شخصیات نے کہا کہ داشارتھی رنگا چار یولوصرف ایک ادیب ہی نہیں بلکہ تلنگانہ کے مجاہد آزادی تھے، جنہوں نے مسلح جدوجہد میں حصہ لیا۔انہوں نے کہا کہ وہ ایک کثیر الثانی اسکالر تھے۔انہوں نے نظام دورِ حکومت میں عدم مساوات اوراستحصال کی مخالفت کرتے ہوئے مسلح جدوجہد میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

All Party Delegation

جرمنی نے ایک بار پھر اس بات کا اعادہ کیا کہ دہشت گردی کے خلاف ہندوستان کی جانب سے جاری لڑائی کی وہ پوری حمایت کرتا ہے۔ جرمنی کے وزیر خارجہ جوہان ودے پل نے ہندوستانی کل جماعتی وفد کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پہلگام دہشت گرد حملہ کی وہ مذمت کرتے ہیں۔کل جماعتی وفد کی قیادت کرنے والے بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ روی شنکر نے جرمنی کو بتایا کہ ہندوستان دستور کے تحت اور سفارتی طور پر آگے بڑھ رہا ہے اور انتہاء پسندی کو کسی بھی صورت میں برداشت نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے پہلگام حملہ کے بعد جرمنی کی حمایت اور ہندوستانیوں کی جانب سے کی گئی تائید اور یکجہتی کی ستائش کی۔

Sound Byte....

Fish Prasadam

مرگ کے موقع پر نامپلی نمائش گراؤنڈ میں مچھلی کے پرساد کی تقسیم کا آج آغاز ہوا۔ یہ عمل کل بھی جاری رہے گا۔اسپیکر اسمبلی گڈم پرساد کمار، ریاستی وزرا سریدھر بابو، پونم پربھاکر، پی سی سی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے اِس پروگرام کا آغاز کیا۔اس پروگرام کے لئے ریلوے اسٹیشنوں، بس اسٹیشنوں سے نمائش میدان تک آر ٹی سی خصوصی بسیں چلائی جارہی ہیں۔ یہاں 42 قطاروں کے ذریعہ یہ پرساد تقسیم کیا جارہا ہے اوراس کیلئے ٹوکن دئے جارہے ہیں۔میڈیا کیلئے خصوصی قطار بنائی گئی ہیں۔نمائش میدان اوراطراف واکناف کے علاقوں میں کل شام تک ٹرافک تحدیدات عائد رہیں گی۔عوام سے متبادل راستہ اختیار کرنے کی جوائنٹ ایکشن کمشنر جوئیل ڈیوس نے خواہش کی ہے۔

Book Release

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا کہ سیاست میں بنڈارودتاتریہ غیر متنازعہ شخصیت ہیں جن کا پارٹی سے بالاتر ہوکر تمام احترام کرتے ہیں۔شلپا کلاویدیکا میں منعقدہ ہریانہ کے گورنر بنڈارودتاتریہ کی سوانح حیات ’پرجلا کتھے ناآتما کتھا‘ نامی کتاب کی رسم اجرا تقریب میں چیف منسٹر نے شرکت کی اور خطاب کیا۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ سیاست میں کئی حالات کا مقابلہ کرنے کے باوجود کبھی قدم پیچھے نہیں ہٹائے۔

Jangaon Dist

ضلع جنگاؤں میں دھان کی خریدی کا عمل کل اختتام کو پہنچا۔ضلع کلکٹر رضوان باشاہ شیخ نے بتایا کہ ریاستی محکمہ سیول سپلائز کی جانب سے جاری کردہ قواعد کے مطابق دھان کی خریداری کا عمل کامیابی کے ساتھ مکمل کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ باریک دھان کی خریداری کیلئے 107 اور موٹے اقسام کی دھان کی خریداری کیلئے 193 مراکز قائم کئے گئے اور مجموعی طور پرایک لاکھ 64ہزار 211اعشاریہ160 میٹرک ٹن دھان حاصل کی گئی۔ضلع کلکٹر کے مطابق380 کروڑروپے کسانوں کے کھاتوں میں جمع کروائے گئے۔

## Rajanna Sircilla - Health

انسانی جسم میں دماغ کی کارکردگی کلیدی ہے۔ برین ٹیومر کے کیسس میں روز بروز اضافہ باعث تشویش ہے۔ دماغ کے تحفظ کیلئے شعور بیداری پیدا کرنے ہر سال 8 جون کو برین ٹیومر ڈے منایا جاتا ہے۔ یہ بات سرسلہ ڈسٹرکٹ ویملواڑہ ایریا ہاسپٹل ڈاکٹر سوبھاشنی نے بتائی۔

## Weather

ریاست میں آج اور کل بارش کا امکان ہے۔ یہ بات محکمہ موسمیات نے بتائی۔اس سلسلہ میں ایلوالرٹ جاری کیا گیا ہے۔ عادل آباد، جنگاؤں، محبوب نگر، ناگرکرنول، نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، رنگاریڈی، وقارآباد، یادادری بھونگیر اضلاع میں ہلکی اور تیز بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

☆☆☆